**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 24.08.2024**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کے پیچیدہ مسائل حل سنجیدہ حل کے متقاضی ہیں، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ سکولز اور ٹیچنگ اسٹاف کی ڈپوٹیشن پر پابندی لگادی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | صوبائی وزیر علی مددجتک نے گورنر جعفرمندوخیل سے تعزیت کی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | مشیر صنعت وحرفت کی دعوت پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی کا دورہ حب۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | شرپسند عناصر بلوچستان کو تاریکیوں میں دھکیلنا چاہتے ہیں، ظہور بلیدی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | حکوت ملک کی 65 فیصد آبادی کو بااختیار بنانے کیلئے کام کررہی ہے، شعیب نوشیروانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | گوادر بندرگاہ ابھی تجارتی لحاظ سے کامیابی سے چلنے کے قابل نہیں، تجارت وزیر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان منشیات اور ایرانی تیل کی سمگلنگ میں ملوث 58 لیویز اہلکاروں کو معطل کردیا گیا تحقیقات کا آغاز۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | 80 انکوائریز کی تفتیش مکمل بلوچستان شون سے 27 افراد گرفتار ہوئے، ڈی جی ایف آئی اے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت چہلم کے جلوس کی سیکورٹی کے حوالے سے اجلاس۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 11 | نعیم احمد کی ڈائریکٹر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کے عہدے پر تقرری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان میں کانگو وائرس کا ایک اور کیس رپورٹ تعداد 23 تک جا پہنچی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان میں امسال پولیو کے 12 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، انعام الحق۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 14 | رائٹ ٹو انفارمیشن کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، سیکرٹری اطلاعات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کا پیر سے تمام دفاتر بند کرنے کا اعلان۔ | باخبر ودیگر اخبارات |
| 16 | غیرقانونی ٹرالنگ سے مچھلیوں کی افزائش نسل متاثر، ہدایت الرحمان۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17 | 10 سرکاری ہسپتال پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ساحل ووسائل پر بلوچوں کا حق ملکیت تسلیم کیا جائے، بی این پی عوامی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

بلوچستان فائرنگ اور حادثات میں 6 افراد جاں بحق 3 زخمی شیرانی سے لڑکے کی لاش برآمد، ہرنائی موٹر سائیکل چوری کے الزام میں نائب قاصد گرفتار، کوئٹہ مختلف کارروائیوں میں موٹر سائیکل اور چوری شدہ سامان برآمد۔

## عوامی مسائل:

Scanned with CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 24.08.2024**

## اداریہ ؛

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**حکومت تعلیمی میدان میں بھرپور انقلاب برپا کرنے جا رہی ہے !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے غریب بچوں کو بہترین تعلیم دلانے کے منصوبے کا آغاز کر کے بلوچستان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ دی بلوچستان حکومت کا سب سے بڑا چیلنج گڈ گورننس ہے انہوں نے کہا کہ سروس ڈیلیوری کے لئے پہلا قدم سرکاری ملازمین کی دفاتر میں بروقت حاضری کو یقینی بنانا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے غریب بچوں کی اسلام آباد میں واقع سکول میں کھیل کود اور کلاسز کی تصاویر اور ویڈیو زشیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ نوجوان درخشاں ستارے بلوچستان کے غریب خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں اور اب پاکستان کے ایک بہترین بورڈنگ سکول میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں یہ ہیں بلوچستان کی پسماندگی دور کرنے کے بیج جو بلوچستان حکومت بو رہی ہے اور بلوچستان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ رہی ہے۔

## اداریے :

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "مون سون بارشیں نصیر آبا، جعفر آباد، صحبت پور، شدید متاثر، حکومت فوری امدادی سرگرمیاں شروع کرے" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 2


کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 ہفتہ 18 صفر 1446ھ 24 اگست 2024ء صفحات 08 شمارہ 56

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے


## وزیراعلی بلوچستان نے محکمہ تعلیم سکولز اور ٹیچنگ اسٹاف کی ڈیپوٹیشن پر پابندی لگادی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلی بلوچستان نے محکمہ تعلیم سکولز اور ٹیچنگ اسٹاف کی ڈیپوٹیشن پر پابندی لگادی مراسلے کے......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مطابق وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے نوٹس پر محکمہ تعلیم سکولز بلوچستان نے ٹیچنگ اسٹاف کی ڈیپوٹیشن پر پابندی لگا دی محکمہ تعلیم کے تمام ہیڈ کو مراسلہ جاری کردیا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated 24 AUG 2024

Page No. 4


# بلوچستان، منشیات اور ایرانی تیل کی سمگلنگ میں ملوث 58 لیویز اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا، تحقیقات کا آغاز

محکمہ داخلہ بلوچستان کو محکمہ لیویز اہلکاروں کے منشیات اور ایرانی تیل کی سمگلنگ میں ملوث ہونے کے شواہد ملے تھے اہلکاروں کا تعلق صوبے کے تقریباً تمام اضلاع سے ہے، ڈائریکٹر جنرل لیویز

جن اہلکاروں کے نام محکمہ داخلہ کی جانب سے دیئے گئے تھے ان کو معطل کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں جو بھی اہلکار سمگلنگ میں ملوث پایا گیا اس کو ملازمت سے برطرف کیا جائے گا، نصیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی + آن لائن) بلوچستان میں لیویز اہلکاروں کے منشیات اور تیل سمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف سامنے آیا ہے محکمہ داخلہ نے صوبے کے مختلف اضلاع میں 58 لیویز اہلکاروں کا......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سراغ لگا لیا ڈی جی لیویز بلوچستان نے 58 لیویز اہلکاروں کو معطل کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل لیویز بلوچستان نصیب اللہ کاکڑ نے بتایا کہ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ بلوچستان لیویز کے 58 لیویز اہلکاروں کے منشیات اور ایرانی تیل کی سمگلنگ میں ملوث ہونے کے شواہد ملے ہیں ان لیویز اہلکاروں کا تعلق صوبے کے تقریباً تمام اضلاع سے ہے۔ ڈی جی لیویز نصیب اللہ کاکڑ نے بتایا کہ جن 58 لیویز اہلکاروں کے نام محکمہ داخلہ کی جانب سے دیئے گئے تھے ان اہلکاروں کو معطل کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں جو بھی لیویز اہلکار منشیات اور تیل کی سمگلنگ میں ملوث پایا گیا اس کو ملازمت سے برطرف کیا جائے گا۔

## 80 انکوائریز کی تفتیش مکمل بلوچستان زون سے 27 افراد گرفتار ہوئے، ڈی جی ایف آئی اے

چھاپوں کے دوران 1 ارب سے زائد مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کی گئی، احمد اسحاق جہانگیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے احمد اسحاق جہانگیر کی زیر صدارت ایف آئی اے ہیڈکوارٹرز میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرلز، ڈائریکٹرز اور دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ ڈی جی ایف آئی اے کو حوالہ ہنڈی کریک ڈاؤن پر بریفنگ دی گئی۔ رواں سال کے دوران حوالہ ہنڈی اور کرنسی کی غیر قانونی ایکسچینج میں ملوث عناصر کے خلاف 459 چھاپہ مار کارروائیاں کیں۔ 468 مقدمات درج کر کے 566 ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ رواں سال کے دوران 80 انکوائریوں کی تفتیش بھی مکمل کی گئی۔ رواں سال کے دوران پشاور زون نے 211، لاہور زون نے 79، کوہاٹ زون نے 27 گوجرانوالہ زون نے 60، فیصل آباد زون نے 45، ملتان زون نے 36 ملزمان کو گرفتار کیا۔ اسلام آباد زون نے 8، کراچی زون نے 48، حیدرآباد زون نے 25 اور بلوچستان زون نے 27 ملزمان کو گرفتار کیا۔ چھاپوں کے دوران مجموعی طور پر 1 ارب روپے سے زائد مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کی گئی۔ برآمد کی گئی کرنسی میں 525055 امریکی ڈالر، 19 کروڑ 37 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی دیگر غیر ملکی کرنسی شامل ہیں برآمد کی گئی کرنسی میں 72 کروڑ 11 لاکھ سے زائد پاکستانی روپے بھی شامل۔ ملک گیر چھاپوں کے دوران متعدد دکانوں کو بھی سیل کیا گیا۔ ملزمان کی گرفتاری کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی معاونت بھی حاصل کی گئی۔

## ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت چہلم کے جلوس کی سکیورٹی کے حوالے سے اجلاس

چہلم امام حسینؓ کے جلوس منتظمین کے ساتھ مل کر سکیورٹی پلان پر عملدرآمد کیا جائے، لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ میں چہلم کے جلوس کی سکیورٹی و دیگر انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایف سی سے میجر حیدر ایس پی سکیورٹی نعیم اچکزئی اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف اسسٹنٹ کمشنر (صدر) کیپٹن (ر) حمزہ انجم اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد عکس اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) ماریہ......... بقیہ 83 صفحہ نمبر 7 پر

شمعون نے شرکت کی اسکے علاوہ انجمن تاجران شیعہ کانفرنس کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ واسا، کیسکو، میٹروپولیٹن، پی ڈی ایم اے، ڈی ایچ او کوئٹہ ایم ایس بی ایم سی و دیگر نے بھی شرکت کی۔

## نعیم احمد کی ڈائریکٹر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کے عہدے پر تقرری

الیکشن کمیشن میں تقرریاں و تبادلے، سعید گل کو صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا تعینات کر دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن میں کچھ نئی تقرریاں و تبادلے کر دیئے گئے، الیکشن کمیشن کے جاری بیان کے مطابق سعید گل کو صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

...سفرنی اور منظور کاکڑ نے طلبا حقوق کیلئے...

تحریک کے مدارج پورے نہیں عوامی نیشنل پارٹی کو...
ہمیشہ کی طرح آج بھی اپنے جوان بازو پر فخر...
پی ایس ایف کے جوانوں کی نظریاتی فکری نشو...

## بلوچستان میں کانگو وائرس کا ایک اور کیس رپورٹ، تعداد 23 تک جا پہنچی

خون ٹیسٹ سے وائرس کی تصدیق، 14 سالہ مریض کو فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان میں کانگو وائرس کا ایک اور کیس سامنے آ گیا، رواں سال صوبے بھر میں کانگو سے متاثر ہونے والوں کی تعداد 23 تک جا پہنچی، محکمہ صحت......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کانگو وائرس میں مبتلا 14 سالہ مریض کو فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا، مریض کا تعلق کوئٹہ سے ہے، خون ٹیسٹ سے وائرس کی تصدیق ہوئی، بلوچستان میں رواں سال کانگو وائرس کے 23 کیس رپورٹ ہو چکے جبکہ مرض سے اب تک 5 مریض جان کی بازی ہار گئے۔


Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2 Dated: 24 AUG 2024 Page No. 6


## 10 سرکاری ہسپتال پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ

### ژوب، پنجگور، کوہلو، خضدار، ڈیرہ بگٹی، قلات، لسبیلہ کے ہسپتال اور دو ٹراما سنٹر بھی شامل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان حکومت نے صوبے کے 10 سرکاری اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ کرلیا، محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے والے اسپتالوں میں ژوب، (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

پنجگور، کوہلو، پشین، خضدار اور ڈیرہ بگٹی قلات اور لسبیلہ کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال شامل ہیں جن کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، محکمہ صحت بلوچستان نے دو ٹراما سنٹرز کو بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا مراسلہ جاری کیا ہے، مراسلے کے مطابق ٹراما سنٹر ژوب اور ٹراما سنٹر خضدار کو بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلایا جائے گا۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 2 ستمبر کو طلب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے آئین کے آرٹیکل 109 اے کے تحت بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر 2 ستمبر کو سہ پہر تین بجے طلب کیا ہے، اعلامیہ کے مطابق 2 ستمبر سے شروع ہونے والا سیشن 12 ستمبر تک جاری رہے گا۔


INTEKHAB QUETTA


## انسداد پولیو مہم میں کوتاہی لاپرواہی سے ہرگز کام نہ لیا جائے، ڈپٹی کمشنر سبی

### مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے تمام افسران صحیح معنوں میں اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں

### ہمیں سنجیدہ ہونے کی ضرورت ہے بلوچستان سمیت پورے ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 16 ہو چکی ہے، جہانزیب شیخ کا اجلاس سے خطاب

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ کی صدارت میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی اصغر مگسی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر اکبر سولنگی، این سٹاپ افیسر ڈاکٹر شہزاد، ایکسین سی اینڈ ڈبلیو لطیف اللہ کاکڑ، ڈبلیو ایچ او سے ڈاکٹر رفیق، ای ٹی او درمحمد سیلاچی، سینئر ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر عبدالستار بلوچ پی ایس ٹو ڈپٹی کمشنر فہیم احمد سمیت دیگر نے شرکت این سٹاپ آفیسر ڈاکٹر شہزاد نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے گزشتہ اور آنے والے مہم کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ پیش کی 9 ستمبر سے 13 ستمبر تک جاری رہنے والی پولیو مہم کے حوالے سے ضلع بھر میں کیے گئے اقدامات پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے تمام افسران صحیح معنوں میں اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں اور پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کریں پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی لاپرواہی سے ہرگز کام نہ کیا جائے اور اس کے مرتکب افسران کے خلاف ایکشن لیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس قومی فریضے کی ادائیگی میں ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف اور پولیو ورکرز کا اہم کردار ہے اس لیے ضلعی انتظامیہ ان کی ہر ممکن معاونت کو یقینی بنائے گی پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کے موقع پر جن مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی ہے انہیں فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ پولیو ورکرز کو مہم کے دوران کسی بھی مشکلات سے دو چار نہ ہونا پڑے سیکیورٹی سمیت دیگر انتظامات کو بھی حتمی شکل دی گئی ڈپٹی کمشنر سبی نے ایک بار پھر آفیسران کو سختی سے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم ہم سب کو کامیابی سے ہمکنار کرنا ہم سب کی ذمہ داری ھے اس لئے سخت محنت جدوجہد کی اشد ضرورت ہے۔ پولیو مہم کے دوران 44 ہزار سے زائد 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے دو تحصیل سبی اور لہڑی میں ٹوٹل 290 ٹیمیں کام کریں گی فکس سائٹس 48 ہوں گی ڈپٹی کمشنر سبی جہاں زیب شیخ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ اپنے بچوں کو پولیو کے دو قطرے ضرور پلائیں اور علماء کرام بھی اپنے خطبات میں پولیو کے حوالے سے شعور و آگاہی فراہم کریں


Scanned with CamScanner

## ہرنائی: موٹرسائیکل چوری کے الزام میں نائب قاصد گرفتار

ہرنائی (نامہ نگار) ڈی سی آفس کے ملازم کی موٹرسائیکل چوری کے الزام میں خزانہ آفس ہرنائی کے نائب قاصد کو گرفتار کرلیا گیا اور اس سے چوری کی موٹرسائیکل برآمد کرلی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی آفس کا ملازم خیر محمد سرکاری کام کے سلسلے میں خزانہ آفس گیا۔ جہاں اس نے اپنا موٹرسائیکل کھڑا کردیا۔ کام سے فارغ ہوکر جب وہ باہر نکلا تو موٹرسائیکل غائب پایا۔ قریب ہی نیشنل بینک کے سی سی ٹی وی کیمرے میں جب چیک کیا گیا تو معلوم ہوا کہ خزانہ آفس کا نائب قاصد فرید اللہ موٹرسائیکل لیکر گیا ہے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے خزانہ آفس کے نائب قاصد کو گرفتار کرکے ڈی سی آفس کے ملازم خیر محمد کا چوری شدہ موٹرسائیکل برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا۔

## کوئٹہ: دو مختلف کارروائیوں میں موٹر سائیکل اور چوری شدہ سامان برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے دو مختلف کارروائیوں میں سرکی روڈ سے چوری ہونے والی موٹر سائیکل قلعہ عبداللہ جبکہ چوری شدہ سامان برآمد کرکے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، پولیس کے مطابق جدون چوک کے رہائشی عبدالحسیب ولد عبدالقیوم نے تھانہ انڈسٹریل میں رپورٹ درج کرائی تھی کہ اس کی موٹرسائیکل سرکی روڈ پر گھر کے باہر سے چوری ہوگئی ،ایس پی قائدآباد شفیق الرحمٰن کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ مذکورہ موٹر سائیکل ملزمان قلعہ عبداللہ لے گئے ہیں جس پر ایس ڈی پی او مقصود لغاری اور ایس ایچ او انڈسٹریل عتیق دستی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی گئی جس نے قلعہ عبداللہ میں چھاپہ مار کر مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے ایک ملزم زین اللہ کو گرفتار کرلیا جبکہ ایک اور کارروائی میں گوالمنڈی پولیس نے محمد شہباز کو گرفتار کرکے چوری شدہ سامان برآمد کرلیا۔

MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان: فائرنگ اور حادثات میں 6 افراد جاں بحق، 3 زخمی، شیرانی سے لڑکے کی لاش برآمد

### خضدار میں موسیانی قبائل کی دو شاخوں میں تصادم 1 شخص جاں بحق ،ایک زخمی، لورالائی میں فائرنگ ،1 ہلاک 2 زخمی

### پنجگور میں فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا، وڈھ ندی میں ڈوب کر 1 ہلاک، دکی میں ٹرک کے زد میں آکر فیض جاں بحق

کوئٹہ +اندرون بلوچستان (نیوز ایجنسیاں +نمائندے) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فائرنگ اور حادثات کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق، 3 زخمی ہوگئے ،شیرانی کے علاقے سے 15 سالہ لڑکے کی لاش برآمد ملی تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقہ زہری بلبل فراخود میں پہاڑی ملکیت ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کے تنازعہ پر موسیانی قبائل کے دو شاخوں کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جان بحق اور ایک زخمی تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقہ تحصیل زہری بلبل فراخود میں پہاری ملکیت کے تنازعہ پر موسیانی قبائل کے دو شاخوں کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں ایک شخص محب اللہ ولد حافظ منیر احمد بوہیرزئی موسیانی جاں بحق اور ایک زخمی ہوگئے ہیں اطلاعات کے مطابق زہری فراخود میں موسیانی قبائل کے ذیلی شاخوں بوہیرزئی اور ...تلیشک کے درمیان گزشتہ کچھ مہینوں سے پہاڑ کی ملکیت کے معاملے پر تنازعہ چل رہا تھا اس وقت مسلح تصادم کی شکل اختیار کرلی ہے جبکہ دونوں فریق نے مورچہ بند ہوکر فائرنگ شروع کردی مسلح تصادم میں ...بیرزئی شاخ کے محب ولد حافظ منیر احمد موسیانی ...ان بحق ایک زخمی ہوگئے ہے علاقہ میں دونوں ...راف سے خودکار ہتھیاروں کا آزادانہ استعمال ...یا گیا۔ تصادم میں اب تک ایک شخص جان بحق ...ب زخمی ہوگئے ہیں تصادم کے بعد علاقے میں ...بھی کشیدگی ہے اور دونوں گروپوں کے مسلح افراد ...رچہ بند ہیں لیویز فورس جنگ بندی کیلئے ...دار ادا کررہی ہے لورالائی سے 20 کلومیٹر دور ...کتوبی کے مقام پر گھریلو تنازعہ فائرنگ سے ایک ...ص محمد حنیف ولد محمد جان قوم ناصر جاں بحق

دو افراد محمد یونس ولد محمد جان ،نصیب اللہ ولد موسی جان اقوام ناصر زخمی ہوگئے شدید زخمی نصیب اللہ کو کوئٹہ ریفر کردیا وجہ عناد معمولی جھگڑا بتایا جاتا ہے پنجگور میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص احمد کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی شیرانی میں ایک روز قبل گھر سے لاپتہ ہونے والے 15 سالہ بچے کی لاش ملی انتظامیہ جائے وقوعہ کیلئے روانہ تفصیلات کے مطابق کلی منگوئی سے تعلق رکھنے والا 15 سالہ بچہ عیسی خان ولد اللہ نظر جو گزشتہ روز گھر سے لاپتہ ہوا تھا اور تلاش جاری تھی آج مانی خواہ کے قریب زڑہ قلعہ تورہ شاہ کے ایریا سے اسکی لاش ملی اطلاعات کے مطابق بچے کو بیدردی سے قتل کیا گیا ہے اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ جائے وقوعہ کیلئے روانہ ہوگئی تحصیل وڈھ کے پہاڑی علاقہ باران لک میں ندی کے گہرے پانی میں ڈوب کر وقار احمد ولد محمد زمان بتایا جارہا ہے جس کا تعلق کوئٹہ سے ہے دکی میں ٹرک کے زد میں آکر فیض اللہ ولد محمد عثمان قوم دوتانی ساکن کلی حاجی انار ناصر ہلاک ہوگیا دکی کی مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سید محمد ولد عبدالکریم نامی کانکن جاں بحق ہوگیا نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مذید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 AUG 2024 Page No. 9

## حکومت تعلیمی میدان میں بھرپور انقلاب برپا کرنے جارہی ہے

وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے غریب بچوں کو بہترین تعلیم دلانے کے منصوبے کا آغاز کر کے بلوچستان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ دی، بلوچستان حکومت کا سب سے بڑا چیلنج گڈ گورننس ہے انہوں نے کہا کہ سروس ڈیلیوری کے لئے پہلا قدم سرکاری ملازمین کی دفاتر میں بروقت حاضری کو یقینی بنانا ہے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے غریب بچوں کی اسلام آباد میں واقع سکول میں کھیل کود اور کلاسز کی تصاویر اور ویڈیوز شیئر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ نوجوان درخشاں ستارے بلوچستان کے غریب خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں اور اب پاکستان کے ایک بہترین بورڈنگ سکول میں تعلیم حاصل کررہے ہیں یہ ہیں بلوچستان کی پس ماندگی دور کرنے کے بیج جو بلوچستان حکومت بو رہی ہے اور بلوچستان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ رہی ہے !انہوں نے لکھا ہے کہ بلوچستان حکومت کا سب سے بڑا چیلنج گڈ گورننس ہے وزیرعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سروس ڈیلیوری کے لئے پہلا قدم سرکاری ملازمین کی دفاتر میں بروقت حاضری کو یقینی بنانا ہے۔اس مقصد کے لئے بلوچستان میں مرحلہ وار بائیومیٹرک اور فیس ریکوگنیشن سسٹم کو لایا جارہا ہے جس کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے ذریعے سے مانیٹر کیا جائے گا،اس منصوبے کا آغاز کوئٹہ سیکرٹریٹ سے ہوگا اور پورے بلوچستان میں نافذ کیا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 AUG 2024 Page No. 10

## مون سون بارشیں، نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور شدید متاثر، حکومت فوری امدادی سرگرمیاں شروع کرے!

بلوچستان میں مون سون بارشوں سے بڑے پیانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں۔ 2022 کے دوران سیلابی صورتحال نے بہت سے اضلاع کو متاثر کیا، متعدد افراد جاں سے گئے، درجنوں دیہات تباہ ہوئے، لوگ بے گھر ہوئے، کھڑی فصلیں تباہ ہوئیں، پل، شاہراہیں سیلابی ریلوں میں بہہ گئیں، انفراسٹرکچر بری طرح متاثر ہوا۔ لیکن جس طرح سے بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھانا ضروری تھا ویسا کچھ بھی نہیں ہوا اور نہ ہی وفاق کی جانب سے بڑے پیانے پر نقصانات کا ازالہ کیا گیا، سیلاب متاثرین سے کئے گئے وعدے پورے نہیں ہوئے۔ موجودہ مون سون بارشوں کے باعث بلوچستان کے علاقے نصیر آباد، جعفر آباد اور صحبت پور میں سیم نالوں میں شگاف اب تک پُر نہیں کیا جاسکے۔ درجنوں خاندان امداد کے منتظر ہیں اور غذائی قلت کے باعث بچے بیماریوں میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ بلوچستان میں پچھلے ڈھائی ماہ کے دوران مون سون بارشوں سے نقصانات کی رپورٹ جاری کردی گئی جس کے مطابق صوبے میں بارشوں سے ڈھائی ماہ کے دوران 29 افراد جان بحق ہوئے۔ بارش سے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے کیونکہ وہاں وبائی امراض پھوٹ پڑنے کا خدشہ ہے جبکہ غذائی قلت سے بھی جانی نقصان کا خدشہ ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے وفاق سے فوری فنڈز کا مطالبہ کیا جانا چاہئے تاکہ متاثرین کی بروقت امداد کی جاسکے۔ لوگ نقل مکانی پر مجبور ہیں لیکن دیگر علاقوں میں جانے کیلئے متاثرین کے پاس وسائل نہیں ہیں جو کسی اور ضلع یا صوبے کا رخ کرکے اپنا گزر بسر کرسکیں بیشتر متاثرین اپنے علاقوں میں ہی موجود ہیں، متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے حکومت جلد از جلد ٹیمیں روانہ کرے خوراک سمیت دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے طبی عملہ کو بھی بھیجا جائے تاکہ متاثرین کو طبی سہولیات فوری فراہم ہوں۔ 2022ء سے اب تک متاثرین بہت زیادہ پریشانی میں مبتلا ہیں وفاقی اور صوبائی حکومت متاثرین کی ہر ممکن مالی معاونت کے ساتھ دیگر سہولیات کا بھی بندوبست کرے تاکہ متاثرین کی مشکلات میں مزید اضافہ نہ ہو۔

Scanned with CamScanner